میت کو غسل اور کفن دفن دینے کی فضیلت

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-2752

تاریخ اجراء: 21 ذیقعدۃ الحرام 1445ھ / 30 مئی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میت کو غسل دینے کی فضیلت حدیث کی روشنی میں بتادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

میّت کو غسل دینے کی فضیلت کے متعلق حدیثِ پاک میں ہے: ”عن علي، قال: قال رسول اللہ صلى اللہ عليه وسلم من غسل ميتا، وكفنه، وحنطه، وحمله، وصلى عليه، ولم يفش عليه ما رأى، خرج من خطيئته، مثل يوم ولدته أمه“ ترجمہ: حضرت علی کرم اللہ وجہہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: جو کسی میّت کو غسل دے، کفن پہنائے، خوشبو لگائے اور اس کو اٹھائے، نماز جنازہ پڑھے اور کوئی عیب وغیرہ دیکھے، تو اس کو ظاہر نہ کرے، وہ اپنی خطاؤں سے ایسے پاک صاف ہو جاتا ہے، جیسے وہ اپنی پیدائش کے دن خطاؤں سے پاک صاف تھا۔ (سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی غسل المیت، صفحہ 216، مطبوعہ لاھور)

ایک اور حدیثِ پاک میں ہے: ”عن علي بن رباح اللخمي عن أبي رافع قال: قال رسول اللہ صلى اللہ عليه وسلم من غسل ميتًا فكتم عليه غفر له أربعين مرةً، ومن كفن ميتًا كساه اللہ من السندس و استبرق الجنة، ومن حفر لميت قبرًا فأجنه فيه أجرى له من الأجر كأجر مسكن أسكنه إلى يوم القيامة، هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه“ ترجمہ: حضرت علی بن رباح رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہُ، حضرت ابو رافع رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: جس نے میت کو غسل دیا اور اس کے عیوب کی پردہ پوشی کی اس کی چالیس بار مغفرت کی جائے گی، جس نے میت کو کفن پہنایا اللہ تعالیٰ اسے جنت کے (دو قسم کے ریشم) سندس و استبرق کا لباس پہنائے گا اور جس نے میت کے لیے قبر کھودی اس کے لیے قیامت تک ایسا ثواب لکھا جائے گا، جیسے گھر بنا کر اس میں اُسے ٹھہرایا ہو۔ یہ حدیث امام

مسلم کی شرائط پر صحیح ہے، لیکن انہوں نے اسے اپنی کتاب میں بیان نہیں کیا۔(المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد1، صفحه 505، دار الكتب العلمية، بيروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net